**03.07.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے Accra میں جمہوریہ گھانا کی پارلیمنٹ سے اپنے خطاب میں مشترکہ جمہوری اقدار کو اجاگر کیا۔ دونوں ملکوں نے ثقافت، معیارات اور روایتی ادویات کے شعبوں میں معاہدوں پر دستخط کئے۔

☆ وزیر اعظم اپنے دورے کے دوسرے مرحلے پر ٹری نڈاڈ اینڈ ٹوبیگو کیلئے روانہ ہوگئے ہیں۔ باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنا ایجنڈے میں سرفہرست ہے۔

☆ دفاعی سازوسامان کی خریداری سے متعلق کاؤنسل نے دیسی وسائل کے ذریعے مسلح ریکوری Vehicles، الیکٹرانک وار فیئر سسٹم اور زمین سے ہوا میں وار کرنے والے میزائلوں کی خریداری سمیت دس تجاویز کو منظوری دی ہے۔

☆ اگلے ماہ سری نگر کی ڈَل جھیل میں پہلے کھیلو انڈیا پانی سے متعلق کھیل منعقد کئے جائیں گے۔

☆ اور کرکٹ میں، شُبھ مَن گِل انگلینڈ میں ڈبل سنچری بنانے والے پہلے ایشیائی کپتان بن گئے ہیں۔ برمنگھم میں بھارت، دوسرے ٹیسٹ میں مضبوط پوزیشن میں ہے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Visit Ghana**

وزیر اعظم نریندر مودی گھانا کے اپنے کامیاب دورے کی تکمیل کے بعد پانچ ملکوں کے اپنے سفر کے دوسرے مرحلے پر آج ٹری نڈاڈ اینڈ ٹوبیگو کیلئے روانہ ہوگئے ہیں۔ روانگی سے قبل جناب مودی نے راجدھانی Accra میں آج جمہوریہ گھانا کی پارلیمنٹ سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اور گھانا کے درمیان تعلقات کسی سرحد تک محدود نہیں ہیں۔ انھوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ دونوں ملکوں کے درمیان دوستی، گھانا کے مشہور ''میٹھے اناس'' سے بھی کہیں زیادہ میٹھی ہے۔ جمہوریت کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے بھارت کو جمہوریت کی ماں قرار دیا۔ انھوں نے ایک جمہوری نظام میں کھلے پن اور مذاکرات کی اہمیت پر زور دیا۔ انھوں نے بھارت کی وسیع تر رنگارنگی کو اُس کے جمہوری تانے بانے کی مضبوطی کے طور پر اجاگر کیا۔

بھارت کیلئے جمہوریت صرف ایک نظام نہیں ہے بلکہ یہ بنیادی اَقدار کا حصہ ہے۔ انھوں نے مغربی افریقہ کے ملکوں کی جمہوریت کے اپنے دیرپا عزم، وقار اور مزاحمت کیلئے اُن کی ستائش کی اور اُنھیں افریقی برِّاعظم کیلئے ''تحریک کی ایک مشعل'' قرار دیا۔

اپنے دورے کے دوران وزیر اعظم مودی کو صدر John Mahama نے ملک کے سب سے بڑے شہری اعزاز The Officer of the Order of the Star of Ghana سے نوازا۔

گھانا کی پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے 140 کروڑ بھارتیوں کی جانب سے افریقی ملکوں کے تئیں تشکر کا اظہار کیا اور اِس اعزاز سے جذباتی وابستگی کا ذکر کیا۔

انھوں نے اِس اعزاز کیلئے گھانا کے صدر کا شکریہ ادا کیا اور اِسے انتہائی فخر کی بات قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ وہ اِس اعزاز کو دونوں ملک کے نوجوانوں کے نام وقف کرتے ہیں۔ جناب مودی نے باوقار اعزاز کو دونوں ملکوں کے درمیان دیرپا دوستی اور مشترکہ اقدار کیلئے بھی وقف کیا۔

اِس سے قبل، دن میں، جناب مودی گھانا کے بانی صدر اور افریقہ کی آزادی کی تحریک کے قابل احترام لیڈر ڈاکٹر Kwame Nkrumah کو راجدھانی Accra میں واقع Nkrumah میموریل پارک پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اِس موقع پر گھانا کے نائب صدر Jane Naana اُن کے ہمراہ تھے۔ مغربی افریقی ملک کے اپنے دو روزہ دورے کے پہلے مرحلے میں جناب مودی نے گھانا کی راجدھانی Accra میں بھارتی برادری سے ملاقات کی جہاں بھارتی برادری نے اُن کا پُرجوش خیر مقدم کیا۔

دورے کے دوران، وزیر اعظم نے جُبلی ہاؤس کی صدارتی عمارت میں، جو بھارت کے تعاون سے تعمیر کی گئی ہے، گھانا کے صدر John Mahama کے ساتھ وسیع تر معاملات پر تبادلۂ خیال کیا۔ دونوں لیڈروں نے مضبوط شراکت داری کا جائزہ لیا اور اقتصادی، توانائی اور دفاعی شراکت داری کے ذریعے اِس شراکت داری کو فروغ دینے اور تعاون کو بڑھانے کے مزید مواقع پر تبادلہ خیال کیا۔میٹنگ کے دوران دونوں لیڈروں نے اپنے باہمی تعلقات کو جامع شراکت داری پر مبنی تعلقات کی بلندی تک پہنچانے سے اتفاق کیا۔

مذاکرات کے بعد بھارت اور گھانا نے چار مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا، جس میں ثقافت، معیارات، آیورویدا اور روایتی ادویات کا احاطہ کیا گیا اور دونوں ملکوں کے وزرائے خارجہ کے درمیان رابطے کو فروغ دینے کی غرض سے ایک مشترکہ کمیشن کے نظام کے قیام کو بھی شامل کیا گیا۔ بھارت نے مغربی افریقہ کے خطے کیلئے گھانا میں ٹیکوں کا ایک مرکز قائم کرنے، ڈیجیٹل پبلک بنیادی ڈھانچہ بنانے اور مہارتوں کے فروغ کے سلسلے میں تعاون کی پیشکش کی۔

سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں وزیر اعظم مودی نے بتایا کہ بھارت اور گھانا کے درمیان اہم ترین معدنیات، دفاع، سمندری سرحدی سکیورٹی اور توانائی جیسے شعبوں میں مل کر کام کرنے کے بے پناہ امکانات پائے جاتے ہیں۔ ثقافتی روابط کو فروغ دینے پر بھی بات چیت کی گئی۔ انھوں نے صدر John Mahama کے ساتھ اپنی بات چیت کو انتہائی سودمند قرار دیا۔ وزیر اعظم کے گھانا کے دورے پر اُن کے ہمراہ گئے ہوئے ہمارے نمائندے نے یہ رپورٹ پیش کی ہے۔

VC Alok Rai

وزیر اعظم نریندر مودی کا گھانا کا دورہ، ایک واضح پیغام ہے۔ بھارت، افریقہ اور عالمی خطۂ جنوب کے ملکوں کے ساتھ اپنی شراکت داری کو وسعت دے رہا ہے۔ دونوں ملکوں کے تعلقات کو جامع شراکت داری تک لے جانا، بنیادی ڈھانچے، زراعت اور ڈیجیٹل خدمات کے شعبوں میں مشترکہ پروجیکٹوں کیلئے ایک باضابطہ لائحہ عمل مرتب کرتا ہے۔ ٹیکہ تیار کرنے کا مرکز قائم کرنے میں بھارت کی مدد کی پیشکش، عالمی خطۂ جنوب کی فارمیسی کے طور پر اُس کی پوزیشن کو مزید مستحکم کرسکتی ہے۔ UPI شراکت داری قیمتوں کو کم کرکے گھانا میں روز مرہ کی تجارت میں انقلابی تبدیلی لاسکتی ہے۔ آیوروید اور روایتی نظامِ طب میں باہمی تعاون، صحت سے متعلق صحت اور ثقافتی تبادلے کیلئے نئے امکانات کی راہ ہموار کرتا ہے۔ دونوں ملکوں کی وزارت خارجہ کے درمیان مشترکہ قائمہ کمیشن، اِس بات کو یقینی بناتا ہے کہ دونوں ملکوں مذاکرات، اِس دورے سے آگے بھی جاری رہیں گے۔

وزیر اعظم نریندر مودی کو Order of the Star of Ghana سے نوازا جانا، عالمی سطح پر بھارت کی بڑھتی ہوئی شراکت داری کو اجاگر کرتا ہے۔ گھانا کی پارلیمنٹ سے وزیر اعظم کے خطاب میں آزادی کی و جہد و جہد سے لے کر جدید ترقی تک مشترکہ تاریخ کو اجاگر کیا گیا اور آب و ہوا کی تبدیلی سے، وبا اور دہشت گردی سے متعلق خطرات کا مقابلہ کرنے کیلئے متحد ہونے پر زور دیا گیا ہے۔ وزیر اعظم کا یہ دورہ، دونوں ملکوں کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کیلئے راہ ہموار کرے گا۔ اُن کے اِس دورے سے گھانا میں موجود 15ہزار بھارتی برادری کو بھی کافی اعتماد ملا ہے۔

بھارتی برادری کو ہنرمندی اور بنیادی ڈھانچے کے نئے پروجیکٹوں سے فائدہ ملے گا۔ دونوں ممالک عالمی نظام میں اصلاحات کے خواہاں ہیں۔ ایسے میں دونوں ملکوں کی شراکت داری، وسیع، سیاسی اور اقتصادی تعاون کے نئے باب کا آغاز کرے گی۔

Accra سے آلوک رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد عمار

## Rev PM Trinidad and Tobago

وزیر اعظم نریندر مودی پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے پر آج رات Trinidad and Tobago پہنچیں گے۔ پچھلی دو دہائیوں میں یہ اِس ملک کا کسی بھارتی وزیر اعظم کا پہلا دورہ ہے۔ اپنے دورے کے دوران وزیر اعظم مودی، Trinidad and Tobago کی صدر کرِسٹِن کارلا کنگالو اور وزیر اعظم کملا پرساد بِسسر کے ساتھ باہمی مذاکرات کریں گے اور پورٹ آف اسپین میں باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے سلسلے میں تبادلۂ خیال کریں گے۔ امید ہے کہ وزیر اعظم مودی Trinidad and Tobago کی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گے اور بھارتی برادری سے بھی بات چیت کریں گے۔ x

## Rajnath DAC

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کی صدارت میں دفاعی ساز و سامان کی خریداری کی کونسل DAC نے مقامی ذرائع سے ایک لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم کے دفاعی ساز و سامان کی خریداری کیلئے 10 تجاویز کو منظوری دی ہے۔

بکتربند ریکوری گاڑیوں، الیکٹرانک وار فیئر سسٹم، فوج کی تینوں شاخوں کیلئے مشترکہ انوینٹری مینجمنٹ سسٹم اور زمین سے فضا میں مار کرنے والے میزائلوں کی خریداری کو منظوری دی گئی۔ وزارت دفاع کے مطابق دفاعی ساز و سامان کی یہ خریداری، اعلیٰ موبیلٹی، مؤثر فضائی دفاع، سپلائی چین کے بہتر انتظام اور مسلح افواج کی کارروائی جاتی تیاریوں میں اضافہ کرے گی۔ اس کے علاوہ یہ خریداری، بحریہ کے جہازوں اور تجارتی جہازوں کو لاحق خطرات کو کم کرنے میں بھی مدد فراہم کرے گی۔ x

## Axiom 4 Study

بھارت فضائیہ کے گروپ کیپٹن شبھانشو شُکلا، جو بین الاقوامی خلائی مرکز پر جانے والے پہلے بھارتی خلا باز ہیں، Orbital lab میں دماغ اور کمپیوٹر کے اِنٹرفیس کو تیار کرنے کے سلسلے میں کام کر رہے ہیں۔ امریکہ کی خلائی ایجنسی ناسا نے ایک بلاگ پوسٹ جاری کی ہے کہ شُکلا پولینڈ کے اپنے ساتھی خلا باز Slawosz Uznanski-Wisniewski کے ساتھ مل کر ذہن کی سرگرمیوں کو ریکارڈ کرنے کے سلسلے میں شراکت داری کر رہے ہیں تاکہ دماغ اور کمپیوٹر کے اِنٹرفیس کی تشکیل کی جاسکے۔

اِس تجربے کو ''کشش ثقل سے بالا خیالات'' نام دیا گیا ہے۔ اِس کے تحت تحقیق کی جارہی ہے کہ خلا باز، خلا میں انتہائی کم کشش ثقل کی چیلنج بھری صورتحال میں بھی کس طرح اپنے ذہن کو، کمپیوٹر کو کنٹرول کرنے یا اُن کے ساتھ گفتگو کرنے کیلئے استعمال کرسکتے ہیں۔

اس سے قبل شُکلا نے ISS پر Destiny لیباریٹری ماڈیول میں یہ سمجھنے کیلئے تحقیق کی تھی کہ چھوٹے آبی جانور کمترین کشش ثقل سمیت کس طرح انتہائی سخت آب وہوا میں زندہ رہ پاتے ہیں۔ انھوں نے ایک خوردبین کے ذریعے Muscle Cell Stem کلچرس پر بھی تحقیق کی تھی تاکہ بے وزن ہوجانے کی صورت میں Muscle کی صحت یابی کے عمل کو سمجھ سکیں۔

لکھنؤ میں پیدا ہوئے شُکلا AXIOM-4 مشن کے ایک حصے کے طور پر ISS میں 14 دن کی ایک سائنٹفک تحقیق کیلئے گئے ہوئے ہیں۔ ان کے ہمراہ امریکہ، پولینڈ اور ہنگری کے تین دیگر خلا باز ہیں۔x

## NITI Aayog Report

نیتی آیوگ نے آج ایک رپورٹ جاری کی ہے جس کا عنوان ہے ''کیمیکل صنعت: عالمی اقدار کے روابط میں بھارت کی شرکت کو مستحکم کرنا''۔ اِس رپورٹ کا مقصد بھارت کے کیمیکل سیکٹر میں وسیع تر تجزیوں کا مظاہرہ کرنا ہے جس میں مواقع اور چیلنجز دونوں کو اجاگر کیا گیا ہے اور بھارت کو کیمیکل کی عالمی مارکیٹ میں ایک اہم ملک کی حیثیت پر لانے کے سلسلے میں لائحۂ عمل طے کیا گیا ہے۔ نیتی آیوگ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بھارت 2023 میں اپنے عالمی کیمیکل ویلیو چینز کو تین اعشاریہ پانچ فیصد سے بڑھا کر 2040 تک چھ فیصد تک پہنچانے کا ارادہ رکھتا ہے جس سے ملک کی کیمیکل کایاپلٹ کو نئی توانائی ملے گی۔

رپورٹ میں کئی اہم مالیاتی اور غیر مالیاتی مداخلتوں کو بھی اجاگر کیا گیا ہے جس کا مقصد کیمیکل شعبے میں

بھارت کی عالمی مقابلہ جاتی صلاحیت کو فروغ دینا ہے۔اس میں اُن اقدامات کا بھی ذکر کیا گیا ہے جن کا مقصد امنگوں کو قابل عمل ترقی میں تبدیل کردینا ہے۔x

## RBI MSEs

بھارت کے ریزرو بینک RBI نے بہت چھوٹے اور چھوٹے کاروباری اداروں MSEs اور انفرادی طور پر قرضہ لینے والوں کیلئے مناسب شرحوں پر قرضوں تک رسائی کو بہتر بنانے کے مقصد سے، بینکوں اور دیگر قرض دینے والے اداروں سمیت منضبط اداروں پر کئی گھٹتی بڑھتی شرحوں پر دیئے جانے والے قرضوں پر ادائیگی سے قبل عائد کئے جانے والے جرمانوں پر پابندی لگادی ہے۔ اس کا اطلاق اگلے برس پہلی جنوری سے ہوگا اور یہ اُن تمام قرضوں اور پیشگی رقومات پر نافذ ہوگا جو اِس تاریخ کو یا اس کے بعد منظور یا رینیو کی جائیں گی۔ RBI نے زور دے کر کہا ہے کہ اُس کا یہ قدم اُس کے ترقیاتی اور انضباطی اہداف سے تعلق رکھتا ہے تاکہ قرض لینے والوں کیلئے زیادہ سہولت آمیز طریقہ کار کو فروغ دیا جاسکے اور قرض دینے کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جاسکے۔x

## Maha Mcoca Charges

مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے ریاست میں منشیات کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی پالیسی کا اعادہ کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ قانون ساز اسمبلی کے موجودہ اجلاس کے دوران منشیات کی اسمگلنگ کرنے والے افراد کے خلاف مہاراشٹر کے منظم جرائم کی روک تھام سے متعلق ایکٹ MCOCA کے نفاذ سے متعلق بل کو متعارف کرایا جائے گا۔ایوان میں قانون ساز کونسل کے رکن بھائی Jagtap کی جانب سے پیش کی گئی تجویز پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب فڑنویس نے کہا کہ ہر پولیس اسٹیشن میں منشیات کی روک تھام کی خصوصی اکائی قائم کی جا رہی ہے۔ اِس سلسلے میں افراد کی تقرری اور تربیت کا عمل پہلے سے ہی جاری ہے۔ x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج شمال مشرقی ریاستوں، مشرقی مدھیہ پردیش، گجرات اور ہماچل پردیش میں الگ الگ مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، مشرقی راجستھان اور کرناٹک کے علاقوں میں انتہائی شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ x

## Uttrakhand Weather

اترا کھنڈ میں، پہاڑی خطے میں متعدد سڑکیں، جن میں دیہی علاقوں کے کچھ اہم راستے بھی شامل ہیں، شدید بارش کی وجہ سے تودے گرنے سے بند ہوگئے ہیں۔ Rudrprayag-Gaurikund راستے پر زیادہ نقصان کی اطلاع ملی ہے، جہاں Munkatiya پر یہ راستہ بند ہوگیا ہے اور Yamunotri راستے پر Ojri،Silaiband

اور Banaas کے نزدیک راستہ بند ہو گیا ہے۔Rudrprayag انتظامیہ، کیدارناتھ یاترا کو محفوظ اور منظم انداز میں برقرار رکھنے کے لیے سخت نگرانی رکھے ہوئے ہیں۔ SDRF، پولیس اور انتظامیہ کی ٹیمیں سبھی راستوں پر تعینات کی گئی ہیں، تاکہ یاتریوں اور مقامی لوگوں کی سلامتی کو یقینی بنایا جاسکے۔ وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے یہ یقین دہانی کی ہے کہ چار دھام یاترا کا بندوبست، بدلتے ہوئے موسمی حالات کے مطابق کیا جا رہا ہے اور انہوں نے اِس بات کا اعادہ بھی کیا کہ یاتریوں کی سلامتی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

SB - Pushkar Singh Dhami

## HP Landslides

ہماچل پردیش میں شدید بارش، بادل کے پھٹنے، اچانک سیلاب اور مٹی کے تودے کھسکنے کے سبب چند روز سے معمول کی زندگی بری طرح متاثر ہے۔ پچھلے مہینے کی 20 تاریخ سے بارش سے متاثرہ واقعات میں 63لوگوں کی موت ہوچکی ہے، 109افراد زخمی ہوئے ہیں، جبکہ 40افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ منڈی ضلع، سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے۔ اکیلے منڈی ضلع میں 11افراد کی موت ہوئی ہے جبکہ 34دیگر اب بھی لاپتہ ہیں۔ موسمیات کے محکمے نے آج اور کل ریاست میں کچھ مقامات پر شدید بارش کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔

اتراکھنڈ میں بھی شدید بارش کے سبب مٹی کے تودے گرنے کے واقعات پیش آئے ہیں، جس کے سبب چار دھام یاترا کے راستے سمیت کئی سڑکیں بند ہوگئی ہیں۔ سون پریاگ کے نزدیک کل رات کیدار ناتھ جانے والے 40سے زیادہ یاتری پھنسے ہوئے تھے۔ تاہم قدرتی آفات سے نمٹنے والے ریاستی اتھارٹی SDRF نے اُنہیں بحفاظت باہر نکال لیا۔ x

## Khelo India Water Sports

کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹول، پہلی مرتبہ سری نگر کے مشہور ڈَل جھیل میں اگست کی 21 تاریخ سے شروع ہوگا۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے اِس کا اعلان کیا ہے۔ اِس تین روزہ واٹر اسپورٹس فیسٹول میں Shikara Race، Water Sking، Rowing،Kayaking & Canoeing اور Dragon Boat جیسے کھیلوں کے 5زمروں میں مقابلہ ہوگا۔

اِس اوپن ایج مقابلے میں 36ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے 400سے زیادہ ایتھلیٹس کے شریک ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹول بنیادی کھیلوں اور قومی سطح پر اپنی صلاحیت کو پیش کرنے کی خاطر کھلاڑیوں کو زیادہ مواقع فراہم کرنے کے سلسلے میں حکومت کے عزم کا ایک اور ثبوت ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت، ایشیا میں واٹر اسپورٹس میں بہترین مقام رکھتا ہے۔ ڈَل جھیل میں منعقد ہونے والا واٹر اسپورٹس فیسٹول اُبھرتی صلاحیتوں کو لوگوں کے سامنے لانے اور ایتھلیٹس کو بین الاقوامی سطح کی تقریب کے لیے تیار کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔×

**Cricket IND ENG**

کرکٹ میں، شبھمن گِل نے تاریخ رقم کی ہے۔ وہ انگلینڈ میں کھیلے جارہے ٹیسٹ میچ میں ڈبل سینچری اسکور کرنے والے پہلے بھارتی اور ایشیائی کپتان بن گئے ہیں۔ انہوں نے آج برمنگھم کے Edgbaston میں کھیلے جارہے دوسرے ٹیسٹ کے دوسرے دن یہ سنگِ میل قائم کیا ہے۔ منصور علی خان پٹودی، سُنِل گواسکر، سچن تینڈُلکر اور ایم ایس دھونی بھی اِس سے قبل کپتان کے طور بھارت کے لیے ڈبل سینچری بنا چکے ہیں۔ اینڈرسن–تینڈلکر ٹرافی کے دوسرے ٹیسٹ میں اپنی پوزیشن کو اور مضبوط بناتے ہوئے، بھارت نے اپنی پہلی اننگز میں 587رن بنائے ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆